شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

21نومبر2025ء

پریس ریلیز

پاکستان کا سلامتی کونسل میں غزہ کے حوالے سے عالمی فورس پر امریکی قرارداد کی حمایت کرنا انتہائی تشویش ناک ہے۔
غزہ میں اسرائیلی نسل کُشی کے دوران امریکہ کی اسلام دشمنی دنیا پر عیاں ہو چکی ہے۔
نیٹو طرز کا مسلم ممالک کا عسکری اتحاد بننے تک ابلیسی اتحادِ ثلاثہ مسلمانوں پر عرصہ حیات تنگ رکھے گا۔

(شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): پاکستان کا سلامتی کونسل میں غزہ کے حوالے سے عالمی فورس پر امریکی قرارداد کی حمایت کرنا انتہائی تشویش ناک ہے۔ غزہ میں اسرائیلی نسل کُشی کے دوران امریکہ کی اسلام دشمنی دنیا پر عیاں ہو چکی ہے۔ نیٹو طرز کا مسلم ممالک کا عسکری اتحاد بننے تک ابلیسی اتحادِ ثلاثہ مسلمانوں پر عرصہ حیات تنگ رکھے گا۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ امریکہ کا سعودی عرب کے ساتھ دفاعی معاہدہ کرنا، نان نیٹو اتحادی بنانا اور F-35 طیاروں جیسی مراعات کی فراہمی کا مقصد اسرائیل کو تسلیم کروانا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے پُرجوش مصافحوں، مسکراہٹوں اور بیانات کی شہ سرخیوں میں امریکی مفادات اور تضادات واضح نظر آتے ہیں۔ غزہ میں قیام امن کے لیے اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل میں پاس ہونے والی قرارداد پر تبصرہ کرتے ہوئے **امیر تنظیم اسلامی** نے کہا کہ ٹرمپ کی طرف سے پیش کردہ غزہ میں قیام امن کا فارمولا فلسطینی مسلمانوں کی خواہشات اور امنگوں کا ترجمان نہیں اور حکومتِ پاکستان کا اس قرارداد کی حمایت کرنا انتہائی شرم ناک ہے۔ لہٰذا اس قرارداد کے نتیجے میں پاکستان کو مختلف ممالک کی افواج پر مشتمل بین الاقوامی استحکام فورس کا ہر گز حصّہ نہیں بننا چاہیے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے نام نہاد امن معاہدے سے غزہ میں امن قائم نہیں ہو سکا کیونکہ اس معاہدے کا ایک فریق، ناجائز صہیونی ریاست سرائیل، مسلسل ہٹ دھرمی، وعدہ خلافی اور جنگی جرائم کا مرتکب ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صہیونی فورسز کے مظالم کی وجہ سے آج بھی غزہ میں ہسپتالوں کے ملبے سے فلسطینی شہداء کی لاشیں برآمد ہو رہی ہیں۔ جب تک مسلم ممالک متحد ہو کر نیٹو طرز کا عسکری اتحاد نہیں بنائیں گے اس وقت تک اسرائیل، امریکہ اور بھارت پر مشتمل ابلیسی اتحاد ثلاثہ دنیا بھر کے مسلمانوں پر عرصہ حیات تنگ کیے رکھے گا۔

جاری کردہ

وسیم احمد باجوہ

نائب ناظم مرکزی شعبہ نشرواشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: November 21st, 2025

Pakistan's support for the US resolution in the Security Council on deploying an international stabilization force in Gaza is extremely concerning.
America's hostility toward Islam has become fully exposed through its backing of Israel's genocide in Gaza.
Until Muslim countries form a NATO-style joint military alliance, the hostile triad of Israel, the US and India will continue to oppress Muslims.
(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that America's defense agreement with Saudi Arabia, granting the status of a non-NATO ally, and offering concessions such as F-35 fighter jets, are all aimed at compelling acceptance of Israel. The flashy headlines involving Donald Trump's warm handshakes, smiles and statements clearly reveal American interests and contradictions. Commenting on the UN Security Council resolution passed regarding peace in Gaza, the Ameer said that Trump's so-called peace plan does not represent the hopes or aspirations of the Palestinian people. He said that Pakistan's support for this resolution is extremely shameful. He insisted that Pakistan must not join the multinational international stabilization force that is expected to be formed under this resolution. He further stated that Donald Trump's so-called peace agreement has failed to bring peace to Gaza because one of its parties – the illegitimate Zionist state of Israel – continues to display stubbornness, breaches commitments, and commits war crimes. Due to atrocities by Zionist forces, bodies of Palestinian Shuhada are still being recovered from the rubble of Gaza's destroyed hospitals. He said that until Muslim countries unite to form a NATO-style military alliance, the malevolent triad of Israel, the US and India will continue to make life difficult for Muslims across the world.

Issued by:
Waseem Ahmad
Naib Nazim Markazi Shoba Nashr o Ishaat